ایس ایس پی شکارپور اور پولیس ٹیم کے لیئے پچیس لاکھ روپے انعام کا اعلان۔۔۔

ایس ایس پی شکارپور تنویر تنیو سندھ پولیس کا فخر اور اثاثہ ہیں۔ آئی جی سندھ

کراچی 14، اگست 2021:-

آئی جی سندھ نے شکارپور کچے کے علاقے میں ڈاکوؤں سے ہونیوالے پولیس مقابلے میں عمدہ کارکردگی اور جرأت کا مظاہرہ کرنے پر ایس ایس پی شکارپور تنویر تنیو اور پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے پچیس لاکھ روپے نقد انعام اور تعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا ہے۔

آئی جی سندھ نے کہا کہ سندھ پولیس کو ایس ایس پی شکارپور تنویر تنیو پر فخر ہے اور ان جیسے افسر محکمہ پولیس کا قیمتی اثاثہ ہیں۔

تفصیلات کے مطابق تھانہ ناپر کوٹ ضلع شکارپور کی حدود میں پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان ہونیوالے مقابلے میں بدنام زمانہ ڈاکو جنگل ولد موٹو تیغانی اور اسکا ساتھی جان محمد ولد عزیز اللہ تیغانی) جنکی زندہ یا مردہ گرفتاری پر ایک کروڑ روپے انعام کی سفارش ہے (ہلاک ہوئے جن کے قبضہ سے جدید خودکار اسلحہ برآمد ہوا۔

ہلاک ہونیوالے ڈکیت علاقے میں خوف کی علامت سمجھے جاتے تھے اور دونوں ڈاکو قتل، اقدام قتل، ڈکیتی اغواء برائے تاوان، پولیس سے مزاحمت اور دوسرے سنگین جرائم میں مجموعی طور پر 48 مقدمات میں مطلوب تھے۔ جبکہ ڈھائی ماہ قبل 23 مئی 2021 کو اسی گینگ نے پولیس کے دو جوانوں سمیت ایک شہری کو شہید کیا اور اگست 2019 میں ڈی ایس پی راؤ شفیع اللہ کو بھی انہی ڈاکوؤں نے شہید کیا تھا۔

::__::__::__::__::__::